## سوال

(963)آپ کی کوئی کتاب، یا کتابیں شائع ہوئی ہوں تو کہاں سے منگوائی جا سکتی ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ کی کوئی کتاب، یا کتابیں شائع ہوئی ہوں تو کہاں سے منگوائی جا سکتی ہیں؟ قرآن وسنت سے اپنے عشق کی تسکین اور اپنی علمی پیاس کو بجھانے کے لیے قرآن وسنت کے علم پر بنی سلفی علمائے کرام کی لکھی ہوئی زیادہ سے زیادہ کتابیں پڑھنے اور ان کو اپنے پاس ذخیرہ کرنا چاہتا ہوں۔ آپ مجھے کسی ایسے ادارے کا پتہ وغیرہ بتا دیجیے جو اس سلسلے میں میرے ساتھ تعاون کرے اور قیمت لے کر مجھ کو ترجیحاً اردو میں لکھی ہوئی کتابیں فراہم کرے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تاحال قابلِ ذکر میری کوئی تالیف نہیں کیونکہ زیادہ تر مشغلہ تدریس اور دعوت و تبلیغ ہے روزانہ دو مدرسوں میں تدریسی فرائض سرانجام دینے ہوتے ہیں تاہم فتاویٰ چند جلدوں میں زیر تدوین ہے۔ مکتبہ سلفیہ شیش محل روڈ کے علاوہ اُردو بازار لاہور میں ہمارے کافی تعداد میں کتب خانے پائے جاتے ہیں۔ ان سے رابطہ کریں۔ امید واثق ہے جملہ حضرات آپ سے تعاون کریں گے۔ ان شاء اللہ

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد:3، ثناء اللہ مدنی سے چند سوالات: صفحہ:660

محدث فتویٰ